ڈسٹرکٹ پولیس شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز(673)

مورخہ 19.12.2023

**بہاول پور(        )ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر سید محمد عباس کے احکامات ، گزشتہ روز کی مختلف کارروائیوں میں 05 ملزمان گرفتار۔گرفتار ملزمان سے بھاری مقدار میں شراب واسلحہ ناجائز برآمد، ملزمان پابند سلاسل ۔جرائم پیشہ افراد کا تعاقب جاری رکھا جائیگا،ڈی پی او سید محمد عباس**

تفصیلات کے مطابق ڈی پی او بہاولپور سید محمد عباس کی طرف سے جرائم پیشہ افراد کے خلاف جاری مہم میں بڑی کامیابیاں ملنے کا سلسلہ جاری ہے۔تھانہ سول لائنیز ، تھانہ بغداد الجدید، چنی گوٹھ اور تھانہ اوچشریف پولیس نے شراب فروشوں کے خلاف کارروائیاں عمل میں لاتے ہوئے 04 ملزمان تنویر مسیح ،صفدر مسیح ،واحد بخش بلوچ اور راشد ککس کو گرفتار کر کے ان کے قبضہ سے 20 بوتلیں ولائتی شراب اور 170 لیٹر دیسی شراب برآمد کرلی۔جبکہ تھانہ عباس نگر پولیس نے اسلحہ ناجائز رکھنے والے 01 ملزم ناصر کو گرفتار کر کے اس کے قبضہ سے 01 عدد پسٹل 30 بور برآمد کرلیا۔گرفتار ملزمان کے خلاف علیحدہ علیحدہ مقدمات درج کر کے تفتیش شروع کردی۔اس موقع پر ڈی پی او سید محمد عباس نے اپنے پیغام میں کہا کہ جرم جیسا بھی ہو قانون سے کسی صورت بچ نہیں سکتا،سماج دشمن عناصر کے خلاف جاری آپریشن کو مزید تیز کیا جارہا ہے،معاشرے کو ایسے ناسور عناصر سے پاک کرنا پولیس کی اولین ترجیح ہے۔

**ترجمان بہاولپور پولیس**



بہاول پور: ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر سید محمد عباس کے احکامات ،گزشتہ روز کی مختلف کارروائیوں میں متعدد ملزمان گرفتار،گرفتار ملزمان سے بھاری مقدار میں شراب واسلحہ ناجائز برآمد

ڈسٹرکٹ پولیس شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز (674)

مورخہ 19.12.2023

**بہاولپور(              )ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر سید محمد عباس کے احکامات، موجودہ ملکی صورت حال کے پیش نظر DPO آفس اور ضلعی انتظامیہ کی اہم تنصیبات میں فرضی مشقوں کا انعقاد، فرضی مشقوں سے پیشہ ورانہ امور میں نکھار پیدا ہوتا ہے اور فورس کسی بھی چیلنج سے نمٹنے کیلئے ہمہ وقت تیار رہتی ہے، ڈی پی او**

تفصیلات کے مطابق آئی جی پنجاب کے احکامات کی روشنی میں ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر سید محمد عباس کی ہدایات کے مطابق موجودہ ملکی صورت حال و بڑھتے ہوئے سکیورٹی خطرات کے پیش نظر ڈی پی او آفس اور ڈی سی آفس میں فرضی مشقوں کا انعقاد کیا گیا۔عملی مشقوں میں ضلعی پولیس کے ہمراہ ڈولفن فورس، ایلیٹ فورس ، ریسکیو 1122 اور سول ڈیفنس نے حصہ لیا۔ایمرجنسی سائرن بجائے گئے اور پکار 15 پر کالیں کی گئیں ۔جس کے جواب میں ضلعی پولیس ، ایلیٹ فورس اور ڈولفن فورس نے بروقت پہنچ کر کارروائیاں عمل میں لاتے ہوئے فرضی دہشت گردوں کو گرفتار کرنے کا عملی مظاہرہ کیا۔دہشت گردوں کے خلاف فرضی مشقوں کا مقصد اداروں کی صلاحیت اوران کے آپس میں رابطے کو جانچنا تھا تا کہ کسی بھی ہنگامی صورت حال سے آسانی کے ساتھ نمٹا جا سکے۔فرضی مشقوں میں حصہ لینے والے پولیس افسران، جوانوں و دیگر معاون اداروں کو انسداد کے حوالے سے مکمل بریف کیا کہ کسی بھی ہنگامی صورت حال میں ان کا ردعمل کیسا ہونا چاہیے۔سکیورٹی کے حوالے سے کس طرح کے حفاظتی انتظامات اپنانے چاہئیں۔ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر سید محمد عباس نے اس حوالے سے بات کرتے ہوئے کہا کہ دیگر کرائم کنٹرول کرنے کے ساتھ ساتھ سکیورٹی معاملات میں وضع کردہ SOPs پر عملدرآمد کو ہرصورت یقینی بنائیں۔

ترجمان بہاولپور پولیس



بہاولپور: ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر سید محمد عباس کے احکامات،موجودہ ملکی صورت حال کے پیش نظر DPO آفس اور ضلعی انتظامیہ کی اہم تنصیبات میں فرضی مشقوں کا انعقاد